1073 ـ سودی بنکوں کے لیے کمپیوٹر پروگرام تیار کرنا

سوال

میں کمپیوٹر پروگرامر ہوں، میرا سوال یہ ہے کہ:
کیا میرے لیے سودی بنکوں کے لیے جدید پروگرام تیار کرنے جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

یہ جائز نہیں کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی نے اس سے منع کرتے ہوئے یہ فرمایا ہے:

اور تم گناہ و معصیت اور ظلم و زیادتی میں ایك دوسرے کا تعاون مت کیا کرو.

اس میں کوئی شك و شبہ نہیں کہ آپ کا یہ پروگرام تیار کرنا بنك کے لیے سودی معاملات میں آسانی پیدا کرنا ہے، اور اس سلسلہ میں آپ کے تیار کردہ پروگراموں کا ان کے لیے استعمال بھی حرام ہے.

اللہ تعالی ہمیں اور آپ کو اپنے محبوب اور پسندیدہ کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے، اور ہمارے اور اللہ تعالی کو ناراض کرنے والے کاموں میں دوری اور بعد پیدا فرمائے.

اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے. آمین یا رب العالمین.

واللہ اعلم .